پریس ریلیز

LGH/PGMI/AMC
Zahid Ph: 0304-4040225

جنرل ہسپتال میں پھیپھڑوں کی سکریننگ وعلاج کیلئے ایک کروڑ روپے کی دو مشینیں عطیہ

پہلی بار ایل جی ایچ میں جدید ویڈیو مشینیں شعبہ پلمونالوجی میں فنکشنل

پھیپھڑوں کی جھلی اور سانس کی بیماریوں کی کیمرے کی مدد سے معائنہ وتشخیص ممکن: پرنسپل پی جی ایم آئی

غریب و نادار مریضوں کی جان بچانے کیلئے یہ اقدام تازہ ہوا کا جھونکا ہو گا:پروفیسر الفرید ظفر

نجی شعبے میں تشخیصی ٹیسٹ مہنگے ،ضرورت مندوں کو یہ سہولت مفت فراہم ہوگی : پروفیسر خالد وحید

طبی آلات عطیہ کرنے والے انسانیت کی عظیم خدمت کررہے ہیں جوآخرت کیلئے بہت بڑے اجر کاباعث بنے گا

2021 کے دوران ہر مریض کی بر وقت خدمت ہمارا نصب العین ہوگا : سربراہ ایل جی ایچ

لاہور4جنوری:......جنرل ہسپتال انتظامیہ کی اعلیٰ کارکردگی،مریض دوست پالیسی اورجدید سہولیات کی فراہمی کے نتیجے میں یہ ہسپتال مخیر حضرات کی توجہ کامرکز بن گیا ہے اور پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر اور پروفیسر ڈاکٹر خالد وحید کی ذاتی دلچسپی کی بدولت پھیپھڑوں کی سکریننگ،علاج معالجے اورٹیسٹوں کیلئے ایک کروڑ روپے سے زائد مالیت کی دو مشینیں (ویڈیوپلورو سکوپ،ویڈیو بروکوسکوپ) عطیہ کی گئیں ہیں صاحب ثروت شخصیات کی جانب سے دی جانے والی ان مشینوں کوشعبہ امراض سینہ و سلیپ میڈیسن میں نصب کردیا گیا ہے جہاں پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے افتتاحی تقریب میں گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ شعبہ پلمونالوجی میں جدید مشینوں کی تنصیب کسی انقلاب سے کم نہیں مذکورہ مشینوں کے ذریعہ پھیپھڑوں کے امراض کی کیمرہ سے تشخیص کی جائے گی،یہ جدید سہولیات سانس کی بیماریوں میں مبتلا غریب ونادار مریضوں کی جان بچانے کیلئے ایک تازہ ہوا کا جھونکا ثابت ہوں گی اس موقع پر پروفیسر محمد معین ، پروفیسر خالد وحید،پروفیسر فاروق افضل، پروفیسر جودت سلیم، پروفیسر محمد حنیف،ڈاکٹر عبدالعزیز،ایم ایس ڈاکٹر عبدالرزاق،ڈاکٹر جاوید اصغرمگسی،ڈاکٹر عرفان ملک،ڈاکٹر عبدالعزیز سمیت ینگ ڈاکٹرز اورنرسز بھی موجود تھیں جبکہ بعض مریضوں اور اُن کے تیمارداروں نے بھی اس تقریب میں شرکت کی۔

پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ جنرل ہسپتال کوایک کروڑ روپے کی مشینری وطبی آلات عطیہ کرنے والے انسانیت کی عظیم خدمت کررہے ہیں جو نہ صرف ان کی نیک نامی کاباعث ہے بلکہ ان کی آخرت کیلئے بہت بڑے اجر کاباعث بنے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ رواں برس 2021 کے دوران جنرل ہسپتال میں مریضوں کوبہتر سے بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے میں کوئی کسر اٹھانہیں رکھی جائے گی اور ہسپتال میں آنے والے ہر مریض کی بروقت خدمت ہمارا نصب العین ہوگا جس کے لئے ڈاکٹرز ،نرسز اور پیرا میڈیکل سٹاف کا تعاون انتہائی ضروری ہے ۔

اس موقع پر شعبہ پلمونالوجی کے پروفیسر ڈاکٹر خالد وحید نے بتایا کہ ایل جی ایچ میں پہلی دفعہ پھیپھڑوں کی جھلی کا بذریعہ ویڈیو کیمرہ معائنہ ہو سکے گا،ان بیماریوں کی تشخیص کیلئے نجی شعبے میں ٹیسٹ بہت مہنگے ہیں تاہم جنرل ہسپتال میں ضرورت مندوں کو یہ سہولت مفت فراہم کی جائے گی جو پھیپھڑوں کی بہت سی بیماریوں کی تشخیص اور غریب مریضوں کے علاج میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔انہوں نے توقع ظاہر کی کہ آئندہ بھی جنرل ہسپتال میں مخیر حضرات کا تعاون جاری رہے گا جس سے ضرورت مند مریضوں کوجدید طبی سہولتیں حاصل ہوسکیں گی۔

☆☆☆☆

پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر جنرل ہسپتال میں پھیپھڑوں کا ویڈیو کیمرہ سے معائنہ وعلاج کیلئے ایک کروڑ روپے کی عطیہ کی گئی جدید مشینوں کا افتتاح کر رہے ہیں، پروفیسر خالد وحید و دیگر فیکلٹی ممبران بھی ہمراہ ہیں